

# سلام محمدی ﷺ
# چہل میم غیر منقوط ۲۰

۷۸۶/۹۲

**نقش تحفۂ روحانی وحل المشکلات**

مَعَ اسْمِ اللہِ الْمَلِكِ السَّلٰمِ

| |
|---|
| صــ م ح م د لی اللہ علیہ وسلم |
| صــ ح م د م لی اللہ علیہ وسلم |
| صــ م د م ح لی اللہ علیہ وسلم |
| صــ د م ح م لی اللہ علیہ وسلم |

اس نقش کو دیکھنے والے کی
ہر مشکل حل ہوگی انشاء اللہ

## اَلسَّلٰمُ الْمُحَمَّدِیُّ مِنَ الْمِیمِ الْاَرْبَعِیْنَ بِدُوْنِ النُّقْطَةِ

## سلام محمدی ﷺ چہل میم غیر منقوط ۲۰

مرتب

بموقع شوّال ۱۴۳۸ھ

بفیض روحانی سیدنا محی الدین وسیدنا معین الدین
وحضرات مخدومین سادات چودہوں پیراں رضی اللہ عنہم

**محمد عزیز سلطان ناچیز**

مَعَ اسْمِ اللهِ الْمَلِكِ السَّلٰمِ ○ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ ○
لَااِلٰهَ اِلَّا اللهُ ○ صَلِّ كَامِلًا وَّسَلِّمْ دَائِمًا وَّ كَرِّمْ
سَرْمَدًا عَلٰى مَوْلَائِيْ حَامِدِكَ وَمُعْطِيْ صِرَاطِ
هُدَاكَ وَعَالِمِ مَاصَارَ وَمَامَاصَارَ ○ وَمُوْصِلِ
كَلَامِكَ اِلٰى كُلِّ الْعَالَمِ وَرِدْئِكَ الدَّوَامِ ○ وَهُوَ
اَمَرَ كُلَّ الْعَالَمِ لَأَطَاعُوا اللهَ اِلٰهًا وَّاحِدًا وَهُوَ
رَسُوْلُكَ الْعَالَمُ وَاللَّاعَالَمُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ ○
وَاَصْلَحَ اللهُ وَالِدَهٗ كُلَّ الْوَالِدِ وَاُمَّهٗ كُلَّ الْاُمِّ وَاٰلَهٗ
كُلَّ الْاٰلِ وَعَلٰى وَالِدِهٖ وَاُمِّهٖ وَاٰلِهٖ وَالْمَوْلٰى عَلِيٍّ
وَّوَلَدَيْ عَلِيٍّ وَّاُمِّهِمَا ○ وَمُحْيِ الْاِسْلَامِ وَاٰلِهٖ
وَوَالِي الْاِسْلَامِ وَاٰلِهٖ وَاَحْمَدَ وَلِيِّ اللهِ وَحَوَارِيِّ وَلِيِّ
اللهِ وَاٰلِهٖ وَكُلِّ اُمَمِ رَسُوْلِ اللهِ كُلَّ الْحَالِ ○

**مراد:** اللہ کے اسم کے سہارے کہ وہی مالک وسلامی والا ہے۔ اے ہمارے اللہ ساری حمد اللہ ہی کے لئے ہے، واحد اللہ ہی الٰہ ہے کامل درود دائمی سلام اور سرمدی کرم ہمارے مولیٰ اللہ کے حامد کے لئے وارد ہو اور اللہ کی راہ ہدیٰ کے معطی کے لئے ہو اور ہر اس امر کے عالم کے لئے ہو کہ وہ ہوا اور وہ کہ عدم کی اُور رہا اور سارے عالم کو اللہ کے کلام کے موصل کے لئے ہو اور اللہ کے دائمی ماہر ہادی کے لئے ہو اور وہ اللہ کے ماہر ہادی سارے عالم کو حکم کئے کہ سارے لوگ ہر حال سے اللہ کے واحد الٰہ کی گواہی دے کر مطاع ہوں اور وہ اللہ کا مکاں اور لا مکاں والا رسول محمد ﷺ اللہ کا رسول ہے اور اللہ صالح کئے اس رسول کے والد کو سارے والد سے اور ماں کو ساری ماؤں سے اور آل واولاد کو ساری آل واولاد سے اور (درود وسلام) اس رسول کے والد کے لئے ہو اور ماں کے لئے ہو اور آل کے لئے ہو، مولیٰ علی کے لئے ہو، مولیٰ علی کے لاڈلوں کے لئے ہو اور مولیٰ علی کے لاڈلوں کی والدہ کے لئے ہو، اسلام کے محیِ کے لئے ہو اور آل کے لئے ہو، اسلام کے مددگار کے لئے ہو اور آل کے لئے ہو اور احمد ولی اللہ کے لئے ہو اور ولی اللہ کے ہم دموں کے لئے ہو اور آل کے لئے ہو، اللہ کے رسول کی ساری امم کے لئے ہو ہر دم۔

**توضیحی ترجمہ:** اللہ کے اسم کے ساتھ جو مالک ہے سلامتی دینے والا ہے اے ہمارے اللہ تمام تعریف تیرے ہی لئے ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں تو خوب خوب کامل درود اور دائمی سلام اور سرمدی کرم نازل فرما ہمارے مولیٰ اپنی تعریف کرنے والے پر اور تیری ہدایت کی راہ عطا کرنے والے پر اور ماکان و مایکون کا علم رکھنے والے پر اور سارے عالم کو تیرا کلام پہنچانے والے پر اور اپنے دائمی ماہر رہنما پر اور تیرے ماہر ہادی نے سارے عالم والوں کو حکم فرمایا کہ وہ ضرور ضرور اللہ کو ایک معبود سمجھ کر اس کی عبادت کریں اور وہ تیرے مکان ولامکان والے رسول محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں کہ جن کے والد (سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ) کو اللہ نے تمام والد میں سب سے زیادہ نیک بنایا اور جن کی ماں (بی بی آمنہ رضی اللہ عنہا) کو تمام ماؤں میں سب سے زیادہ نیک بنایا اور جن کی آل واولاد کو تمام آل واولاد میں سب سے زیادہ نیک بنایا اور (درود وسلام نازل ہو) آپ ﷺ کے والد پر اور آپ ﷺ کی والدہ پر اور آل پر، حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ پر اور مولیٰ علی کے دونوں لاڈلوں امام حسن وامام حسین علیہما السلام پر اور حسنین

کریمین کی والدہ خاتون جنت سیدہ بی بی فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا پر اور دین کے زندہ کرنے والے محی الدین سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ پر آپ کی آل پر اور دین کے مددگار خواجہ معین الدین حسن سنجری پر آپ کی آل پر اور حضرت مخدوم سید احمد ولی اللہ پر، آپ کے اصحاب روحانی پر اور آل پر اور اللہ کے رسول کے سارے امتیوں پر ہر دم۔

## فضیلت سلام محمدی ﷺ چہل میم غیر منقوط (۲۰)

یہ ''سلام محمدی ﷺ چہل میم'' جو کہ چالیس میم کے ساتھ بغیر نقطے والے حروف پر مشتمل ہے اِس کا ترجمہ بھی غیر منقوط ہے جس کو سمجھنے کے لئے توضیحی ترجمہ شامل ہے جو شخص اس درود کو روزانہ ۵/۱۱/۱۰۰/ بار پڑھنے کا اپنا معمول بنائے گا اسے اللہ و رسول کی محبت اور خوشنودی حاصل ہوگی اور مقبول حمد و شکر کی توفیق ملے گی وہ ہر آفت و بلا اور ہر مہلک بیماری اور تمام شروں سے محفوظ رہے گا عقل کی آفتوں سے محفوظ ہو کر عقل کل کا فیض پائے گا اور اللہ اسے گمان سے زیادہ اپنی نعمتیں عطا فرمائے گا نیز وہ اہل بیت


وصحابۂ کرام کی شفقت ومحبت اور روحانی وقلبی طور پران کے عظمت و فیضان سے معزز ہوگا، وہ دہر وقبر وحشر میں مقام رضا والوں کے گروہ میں شامل کیا جائے گا اور ایمان پر خاتمہ ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

**صلوۃ العتقا** (آزادی کی نماز): سیدی حضور غوث الاعظم رضی اللہ عنہ غنیۃ الطالبین میں فرماتے ہیں کہ ہم سے ابونصر نے بیان کیا وہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں اور وہ اپنی سند کے ساتھ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا جو شخص شوال کے کسی دن یا رات میں آٹھ رکعتیں یوں پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ۱۵/بار سورۂ اخلاص پڑھے نماز سے فارغ ہونے کے بعد ۷۰/بار سبحان اللہ پڑھے اور ۷۰/بار درود شریف پڑھے اس ذات کی قسم جس نے مجھے سچا نبی بنا کر بھیجا ہے جو شخص بھی یہ نماز پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے دل میں علم وحکمت کے سرچشمے جاری کردیگا اس کی زبان پر بھی یہی چیز جاری ہوگی، اسے دنیا بھر کی بیماریوں اور ان کے علاج کا علم عطا فرمائے گا اس ذات کی قسم جس نے مجھے برحق نبی بنا کر بھیجا ہے جو آدمی اس بیان کئے ہوئے طریقے کے

مطابق یہ نماز پڑھے گا آخری سجدے سے سر اٹھانے سے پہلے اللہ تعالیٰ اسے بخش دیگا اگر فوت ہو جائے تو شہید بخشا ہوا فوت ہوگا، جو شخص سفر میں یہ نماز پڑھے اللہ تعالیٰ اس پر سفر میں چلنا اور منزل تک پہنچنا آسان کر دیتا ہے اگر قرضدار ہو تو اللہ تعالیٰ قرض سے نجات دیگا اگر حاجت مند ہو تو اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری فرمائے گا، اس ذات کی قسم جس نے مجھے سچا نبی بنا کر بھیجا ہے جو آدمی یہ نماز پڑھے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے ہر حرف اور ہر آیت کے بدلے جنت میں ایک ''مخرفہ'' عطا فرمائے گا عرض کیا گیا یا رسول اللہ ﷺ مخرفہ کیا ہے آپ ﷺ نے فرمایا جنت میں باغات ہیں اس کے ایک درخت کے نیچے سوار سو سال تک چلے گا لیکن ختم نہ ہوگا، اللہ تعالیٰ ہمیں اس نماز کو ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور اس کے فیوض و برکات سے مالا مال فرمائے۔ آمین۔ (غنیۃ الطالبین صفحہ ٦٨٦)

**نوٹ:** آستانۂ حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں رضی اللہ عنہم سے متعلق جملہ مطبوعات مثلاً درود روحانی و دعائے قلبی، درود محمدی ﷺ، سلام محمدی ﷺ مع اسرار ''م ح م د'' اور درود چہل میم وغیرہ www.syed14peer.com پر ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ رابطہ نمبر: 9695435877





آستانہ حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں (علیہم الرحمۃ والرضوان) الہ آباد

www.syed14peer.com